| تاریخ اسلام | نہم، لاہور بورڈ، 2015 | پرچہ: I |
| --- | --- | --- |
| وقت: 2.10 گھنٹے | (انشائیہ طرز) | کل نمبر: 60 |

(حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) عربوں میں بڑی بڑی معاشرتی برائیاں کیا تھیں؟ کوئی سی دو کے نام لکھیے۔

(ii) عرب معاشرے میں لڑکیوں کو کیوں زندہ دفن کر دیا جاتا تھا؟

(iii) عربوں میں بڑی بڑی اخلاقی خوبیاں کیا تھیں؟

(iv) کس نے حضورؐ کے والد محترم کی قبر پر جانے کا فیصلہ کیا اور اس وقت آنحضرتؐ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

(v) مکہ والوں کے لیے آنحضرتؐ کی ابتدائی زندگی کے دور میں قابل ذکر رحمت کیا تھی؟

(vi) جب عبدالمطلب فوت ہوئے تو اس وقت آنحضرتؐ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

(vii) غار حرا پر دو فقروں میں نوٹ لکھیے۔

(viii) ورقہ بن نوفل کون تھا؟

(ix) قریشی وفد نے آنحضرتؐ کے بارے میں ابوطالب سے کیا کہا؟

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) فتح مبین کس دستاویز کو کہا جاتا ہے؟

(ii) حضورؐ کے عدل و انصاف کی ایک مثال بیان کیجیے۔

(iii) آنحضرتؐ نے عرب معاشرے کو بدل کر رکھ دیا۔ مختصر وضاحت کیجیے۔

(iv) حضرت محمدؐ نے عورت کے تحفظ کے لیے حقوق متعین کیے۔ کوئی سے دو تحریر کیجیے۔

(v) حضرت ابوبکرؓ کے ابتدائی دور خلافت میں سب سے بڑا فتنہ کیا تھا؟

(vi) مسیلمہ کذاب کون تھا؟

(vii) نبوت کا دعویٰ کس عورت نے کیا تھا اور اس کے [illegible]؟

(viii) حضرت عثمانؓ کے سامنے سب سے پہلا مقدمہ کیا پیش ہوا؟

(ix) خلافت اور بادشاہت میں کیا فرق ہے؟

-4 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) حضرت عثمانؓ کا دور خلافت کہاں سے کہاں تک ہے؟

(ii) حضرت عثمانؓ نے کن کی دعوت پر اسلام قبول کیا؟

(iii) بیئر رومہ کس کی ملکیت تھا اور اس کا پانی وہ کیسے بیچتا تھا؟

(iv) حضرت عثمانؓ نے مدینہ میں کنواں کیوں خریدا؟

(v) کس موقع پر اور کہاں حضرت عثمانؓ کو سفیر کی حیثیت سے بھیجا گیا؟

(vi) بیعت رضوان کیوں لی گئی؟

(vii) خلافت کا فیصلہ کرنے والی کمیٹی میں شامل دو صحابہ کرامؓ کے نام لکھیے۔

(viii) خسرو پرویز کون تھا؟

(ix) حضرت خالدؓ نے گورنر عراق کو کیا لکھا؟

حصہ دوم

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔

-5 اسلام سے قبل عربوں کے سیاسی حالات کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔ 8

-6 میثاق مدینہ کی تفصیل اور اس کی اہمیت بیان کیجیے۔ 8

-7 حضرت علیؓ کی مشکلات کیا تھیں اور انہیں حل کرنے کے لیے کیا کوششیں کی گئیں؟ 8

-8 حضرت عثمانؓ کے خلاف اعتراضات والزامات کا جائزہ لیجیے۔ 8

-9 درج ذیل پر نوٹ لکھیے: 4,4

(الف) اسلام کی اشاعت میں خلفائے راشدین کا کردار۔

(ب) حجۃ الوداع کی اہمیت۔

www.ilmkidunya.com